


ان اعمال کو پڑھ کر [illegible] اور دعا مانگنے والی
پریشانیاں [illegible] گھر کے افراد نے اپنایا تو وہ اپنی
مرادیں پا گئے۔ لاکھ ان اعمال کی برکت سے ایسے
کامیاب ہو گئے جیسے ان پر کبھی پریشانیاں آئی ہی نہ تھیں۔

# آزمودہ وظائف

# سے گھریلو

# الجھنوں کا حل



باجازت


شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

پی۔ ایچ۔ ڈی (امریکہ)

# شرائط

## ان وظائف کے کارگر ہونے کی چند شرائط ہیں

☆ یقین کے ساتھ عمل کریں' شک عمل کو ضائع کر دیتا ہے۔

☆ توجہ کے ساتھ عمل کریں' بے توجہی سے پڑھی جانے والی دعائیں ہوا میں گم ہو جاتی ہیں۔

☆ رزق حلال کا اہتمام کریں' مالک راضی ہوگا تو کام بنے گا۔

☆ فرائض کا اہتمام کریں۔ جو لوگ نماز اور دیگر فرائض ادا نہیں کرتے ان کے اعمال بے اثر رہتے ہیں۔

☆ حرام کاموں سے بچیں' وہ کام جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے ان کا ارتقاب روحانیت کو نقصان پہنچاتا ہے تب عمل کارگر نہیں ہوتا۔

☆ الفاظ کی تصیح کا اہتمام کریں' الفاظ غلط پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔

☆ طہارت کا اہتمام کریں' خود بھی پاک صاف ہوں' لباس اور جگہ بھی پاک صاف رکھیں۔

☆ عاجزی اور آہ وزاری کے ساتھ عمل کریں۔

# آزمودہ وظائف سے

# گھریلو الجھنوں کا حل

ان اعمال کو ہزاروں نامرادوں اور نا ٹلنے والی پریشانیوں میں گھرے افراد نے اپنایا تو وہ اپنی مراد پاگئے، لوگ ان اعمال کی برکت سے ایسے آسودہ ہوئے، جیسے ان پر کبھی پریشانیاں آئی ہی نہ تھیں۔

باجازت


شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)



عبقری پبلی کیشنز لاہور

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سے زندگی آسان

روزگار کی پریشانی، رشتوں کی بندش، مالی مشکلات، گھریلو ناچاقیاں، اولاد کی نافرمانی پہاڑ جیسا قرض، لاعلاج بیماریاں، بیرون ملک جانے کی خواہش، حج کی تڑپ، اپنا گھر، اپنی سواری، گھریلو الجھنوں کا خاتمہ، ناممکن مشکلات کا خاتمہ الغرض کوئی بھی حل نہ ہونے والا مسئلہ ہو 800 دفعہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اول و آخر 3 مرتبہ دورد ابراہیمی روزانہ سارا گھر یا چند افراد کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت ایسی متوجہ ہوگی کہ ہر حال میں کامیابی اس پڑھنے والے کا مقدر بن جائے گی۔ یہ وظیفہ زندگی کا معمول بنالیں۔

**زندگی میں سکون:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے ہوش سنبھالا گھر میں فاقے ہی پائے، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا، گھریلو ناچاقی، قرض والوں کا میرے باپ سے جھگڑا معمول کی بات تھی۔ میرا دوست ایک مرتبہ مجھے تسبیح خانہ لاہور میں لایا، یہاں آپ نے 800 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنے کے فضائل سنائے۔ میں نے گھر جاکر اپنی امی، بہنوں اور ابو کو یہی وظیفہ بتایا اور ہم نے خوب پڑھا، آج ایک سال کے بعد ہمارے تمام قرض اتر چکے ہیں، گھر میں سکون اور خوشحالی ہے، میرے ابو کو بہترین نوکری مل گئی ہے، رزق میں برکت ہے۔ گھر میں ہر کوئی خوش ہے۔ ایک نحوست تھی جو ختم ہو چکی ہے۔ (بابر شہریار، لاہور)

# خوشبو کے فائدے ہی فائدے

خوشبو لگانا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے جو مستقل خوشبو لگائے گا رزق میں برکت ہوگی‘ صحت وتندرستی ہوگی‘ عزت شان وشوکت وقار سربلندی ہر جگہ ملے گی۔ عبادت میں خشوع خضوع ملے گا۔ تقویٰ کا نور ملے گا‘ بیروزگار کو رزق ملے گا۔ بے گھر کو گھر‘ بے در کو در ملے گا۔ طالب علموں کو کامیابی‘ آپس میں محبتیں بڑھ جائیں گی۔ ”برکت والی تھیلی“ پر خوشبو لگانے سے رزق بے بہا ملے گا۔

نوٹ: خواتین خوشبو گھر کے اندر لگائیں‘ باہر نہ لگائیں۔

**خوشبو نے مجھے نئی زندگی دلادی:** میری زندگی پہلے بہت عجیب تھی‘ ہر وقت چڑچڑاپن‘ گھر میں بیوی سے جھگڑا‘ باہر لوگ مجھ سے بات کرتے ڈرتے کیونکہ میرے غصے کا سب کو علم تھا‘ کاروبار بھی زوال کا شکار تھا۔ میری دکان پر ایک مرتبہ عبقری رسالہ پڑا تھا‘ جو کوئی دوست چھوڑ گیا تھا‘ میں نے پڑھا تو اس میں خوشبو کے فضائل پڑھے‘ میں نے اسی دن خوشبو خریدی اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سمجھ کر لگانا شروع کردی‘ میں نے چند دنوں کے بعد ہی محسوس کیا کہ میرے اندر ایک انتہائی مثبت تبدیلی آئی ہے کہ مجھے غصہ بہت کم آرہا ہے‘ ہر کسی کے ساتھ اخلاق اور خوشگوار موڈ میں بات کرتا ہوں‘ میری اہلیہ نے بھی مجھے کہا کہ آج کل آپ کو نہ غصہ آتا ہے نہ ہی چیختے چلاتے ہیں‘ دکان پر سیل بڑھنا شروع ہوگئی۔ میری ٹینشن‘ ڈیپریشن‘ اینگزائٹی نامعلوم کہاں چلی گئی؟ نماز میں توجہ اور دھیان ملا۔ میاں بیوی میں محبت بڑھی‘ گھریلو جھگڑے ختم اور جب غصہ ختم ہوا تو دوسرے بھی مجھ مل کر خوش ہوتے اور معاشرے میں عزت ملی۔ واقعی خوشبو لگانے سے سکون ملتا ہے۔ (ثاقب مجید‘ بہاولپور)

# گیارہ بار یَاحَفِیْظُ کے انوکھے فائدے

جو شخص گھر سے نکلتے ہوئے سواری پر بیٹھتے ہوئے یا کسی کام کی ابتداء کرتے ہوئے گیارہ بار اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم یَاحَفِیْظُ پڑھے گا' ہر حادثے کی پریشانی اور ہر دکھ سے محفوظ رہے گا چوری اور ڈکیتی سے بچا رہے گا اور اگر کھانے یا پینے پر پڑھ کر کھائیں پئیں تو ہر بیماری' تکلیف' نظر بد' جادو' حسد سے ہمیشہ حفاظت رہے گی۔

**یَاحَفِیْظُ سے جادو ختم اور بندش ٹوٹی:** ایک دفعہ ایک دوست نے مجھے بتایا کہ ہمارے ایک ساتھی کے والد صاحب بہت بیمار ہیں' بہت علاج کروایا مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا' لوگ کہتے کہ مخالفین نے جادو کرایا ہے اس کو دیکھو اور علاج کرو۔ میں نے ان کی قمیص منگوائی' دیکھا تو جادو معلوم ہوا میں نے تمام گھر والوں کو نماز کی پابندی کا کہا اور ان سب کو یَاحَفِیْظُ کثرت کے ساتھ پڑھنے کا کہا۔ ان دنوں آپ کا ایک درس انٹرنیٹ پر سنا تھا جس میں آپ نے یَاحَفِیْظُ کے فضائل بیان کیے تھے آٹھویں دن وہ خود آئے اور مجھے کہنے لگے میں چل پھر نہیں سکتا تھا لیکن اب دیکھو میں سیڑھیاں چڑھ سکتا ہوں۔ میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا اور ان کو بھی یہی سمجھایا کہ یہ سب اللہ پاک کی چاہت سے ہوا اور یَاحَفِیْظُ کے ورد کو ہرگز نہ چھوڑیں۔ مجھے میرے دوست نے بتایا کہ سب گھر والے ناامید تھے کہ شاید ان کا بچنا مشکل ہے لیکن الحمدللہ اللہ پاک نے کرم فرمایا اور وہ آدمی چالیس دن کے اندر تندرست ہو گیا اس نے کاروبار دوبارہ معمول کے مطابق شروع کر دیا اب تو ماشاء اللہ ٹھیک ٹھاک ہے۔ (محمد اویس شاہ' راولپنڈی)

# یَاقَھَّارُ سے قہر برسائیں

جادو جنات جتنا پرانا ہو' جنات نے زندگی تنگ کردی ہو' گھر ویرانی کا نمونہ بن گیا ہو' عامل ملنگ بابے جب جادو بندش اور جنات کے کڑے کو توڑ نہ سکتے ہوں تو ایسے وقت یَاقَھَّارُ کا بکثرت ہر حال میں ورد کریں اور آنکھوں سے قدرت کا جلوہ دیکھیں، دل بول اٹھتا ہے، واقعی زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے۔ لاعلاج بیماریاں شوگر' کینسر' ہیپاٹائٹس اور ہر مشکل میں پڑھنا فوری اثر اور نفع رکھتا ہے۔

**تین ہفتوں میں مریض ٹھیک:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں پیشے کے لحاظ سے فزیوتھراپسٹ ہوں' میرے پاس ایک مریض آیا تھا جس کا پاؤں خراب تھا' اس کو چلنے میں بڑی دشواری ہوتی تھی۔ میں نے اس کا علاج بھی فزیوتھراپی سے شروع کیا اور ساتھ ہی اس کو یَاقَھَّارُ 3300 دفعہ روزانہ پڑھنے کا کہا وہ مریض جس نے تین ماہ سے پہلے ٹھیک نہیں ہونا تھا وہ صرف تین ہفتوں میں ٹھیک ہوگیا۔ یہ صرف یَاقَھَّارُ کی بدولت ٹھیک ہوا اس میں فزیوتھراپی کا کوئی کمال نہیں تھا۔ (ڈاکٹر تنویر خان' حسن ابدال)

**ملازمت بحال:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت سی مالی مشکلات میں مبتلا تھا' مجھے نوکری سے سازش کرکے نکلوادیا گیا تھا۔ میں نے عبقری کے سلسلہ وار مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے یَاقَھَّارُ والا عمل (صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح) کیا تو میرے مسائل آہستہ آہستہ حل ہونا شروع ہوگئے اور اب الحمدللہ میری ملازمت کی بحالی کے بھی روشن امکانات ہوگئے ہیں۔ (ا،س، فیصل آباد)

# حسن وجمال کا قیمتی راز

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام **یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ** بکثرت یا ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے سے آپ قیمتی بیوٹی کریموں، لوشن اور بیوٹی پارلر سے نجات پائیں۔ خوبصورتی آپ کی مٹھی میں، واقعی اس ورد میں حسن ہے۔

خوبصورت اولاد چاہنے والی حاملہ خواتین حمل کے شروع سے **روزانہ ایک تسبیح یا بکثرت** پڑھنا شروع کریں اور قدرت کی رحمت آنکھوں سے دیکھیں یہ ورد پڑھنے والا اعمال اور عبادات میں خوبصورتی اور خشوع وخضوع پائے گا، یہ وظیفہ لڑکے اور لڑکیوں کی خوبصورتی کا بہترین راز ہے۔

**خوبصورت چہرے اور دل کیلئے وظیفہ:** محترم حضرت حکیم صاحب جب میری شادی ہوئی تو میرے شوہر نے چند دنوں کے بعد میری ساس کو کہا کہ یہ بدصورت ہے۔ میں نے یہ بات اپنی ایک دوست سے کہی اس نے مجھے **یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ** ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے کیلئے کہا، آج وہی میرے شوہر ہر وقت میرے حسن اور خوبصورتی کے دیوانے ہیں۔ (اہلیہ ثاقب، کراچی)

**ٹیچر کی گوری رنگت کا راز:** ہماری ایک ٹیچر تھی ان کا رنگ گورا نہیں تھا ہمارے سکول میں آئیں اچانک گوری ہوگئیں میں نے ان سے پوچھا آپ تو بہت زیادہ سانولی تھی آپ نے کونسی کریم استعمال کی۔ کہنے لگی میرے گھر میں آجانا میں آپ کو وہ کریم بتاؤں گی۔ جب گھر گئی تو اس نے بتایا کہ میں نے درس میں سنا تھا یہ اسم الٰہی (درج بالا) سنے اب وہ اُٹھتے بیٹھتے پڑھتی ہوں۔ (شہلا ریاض، اسلام آباد)

# یَابَاعِثُ یَانُوْرُ سے دل نورانی بنائیں

جوشخص سوتے وقت دل پردایاں ہاتھ رکھ کر اللہ تعالیٰ کے اسم یَابَاعِثُ یَانُوْرُ دونوں ملا کر گیارہ بار پڑھے گا دل کی بیماریوں سانس کی بیماریوں' سینے کے تمام امراض کا خاتمہ ہوگا، دل نورانی ہوگا' مستقل مزاجی سے ذکر تلاوت تسبیح نماز تہجد کی توفیق ہوگی' عبادت اورولایت کے راستے آسان ہونگے، اگر طالبعلم پڑھے یاداشت بہتر ہوگی' تعلیمی کامیابی ملے گی' کشف اوردل کی آنکھیں کھل جائیں گی' گناہوں سے نجات نصیب ہوگی۔

**زندگی کو جنت بنائیے:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا دل ہر وقت گھٹتا رہتا' چیک کروایا تو دل کے دو والو بند تھے' ٹینشن' اینگزائٹی' خودکشی کرنے کو دل کرتا، غصہ، جھنجھلاہٹ، راتوں کی نیند چھن گئی، نیند کے لیے گولیاں کھاتا، ڈراؤنے اور الٹے سیدھے خواب آتے، ہائی بلڈ پریشر نے الگ پریشان کردیا' دل نماز، تسبیح کی طرف راغب نہ ہوتا' ہر وقت پریشان رہتا۔ تسبیح خانہ میں دوران درس آپ نے یَابَاعِثُ یَانُوْرُ صرف گیارہ مرتبہ رات کو سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھنے کا بتایا' میں نے اس عمل کو زندگی کا معمول بنالیا۔ آج دو سال ہوگئے ہیں میری نیند کی ساری گولیاں چھوٹ چکی ہیں' کارڈیالوجی ہسپتال کے چکر لگانے چھوڑ چکا ہوں' حالیہ رپورٹس میں میرے والو کھل چکے ہیں۔ ٹینشن اینگزائٹی اور ہر وقت کا چڑچڑاپن ختم ہو چکا ہے' نماز' ذکر و تسبیحات میں دل لگ گیا ہے۔ اللہ کریم کی رحمتوں اور اپنے مسائل کو حل ہوتا اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔ (طارق مجید' شاہدرہ)

# وضو کے تین گھونٹ پانی کے کرشمات

جو شخص نلکے' ٹونٹی' تالاب' دریا' نہر' چشمہ جہاں سے بھی وضو کرنے کے بعد تین گھونٹ پانی بیماری' مشکل' پریشانی یا گھریلو الجھنوں کی نیت کرکے پیے گا اس کے دل کی مراد پوری ہوگی۔ بخار سے لیکر کینسر تک ہر لاعلاج بیماری کیلئے یہ عمل آخری علاج ہے لیکن یقین شرط ہے۔

**کینسر اور جوڑوں کا درد ختم:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کو گھٹنوں کے جوڑوں میں شدید درد ہوتا تھا' بستر پر لگ چکے تھے' ہم خود واش روم وغیرہ اٹھا کر لے جاتے اور کرسی پر بٹھا کر پاخانہ کرواتے۔ میرے چچا نے میرے والد کو ''وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' کا عمل (درج بالا) دیا' میرے ابو چارپائی پر بیٹھ کر وضو کرتے' وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پہلے گھونٹ پر اللہ شافی' دوسرے گھونٹ پر اللہ کافی' اور تیسرے گھونٹ پر اللہ معافی پڑھتے اور چوتھا گھونٹ منہ میں ڈالنے کے بجائے اپنے گھٹنوں اور جہاں جہاں درد ہوتا وہاں لگاتے' حیرت انگیز طور پر صرف ایک ہفتے کے بعد میرے والد خود چل کر واش روم گئے' آج چھ ماہ ہو چکے یہ عمل میرے والد کر رہے ہیں اور مسجد جا کر بغیر کرسی کے نماز ادا کرتے ہیں۔ (قاسم مجید' حیدرآباد)

**پیٹ کے امراض ٹھیک:** میرا معدہ بچپن سے ہی خراب تھا' وضو کے بعد تین گھونٹ شفاء یابی کیلئے پینا شروع کیے۔ اب الحمدللہ میں تمام امراض پیٹ سے نجات پا چکی ہوں اور بھرپور زندگی جی رہی ہوں۔ اس عمل سے میرے روحانی مسائل بھی حل ہو رہے ہیں۔ (نمرہ اعجاز' گجرات)

# مسواک کے کرشمات

جو شخص **مسواک** اپنی جیب میں رکھے گا ایکسیڈنٹ حادثات سے بچا رہے گا۔ اس کی جیب کبھی خالی نہیں ہوگی' ناگہانی آفات اور بلیات سے اس کی حفاظت رہے گی۔ رزق میں برکت ہوگی' چوری' ڈاکہ اور چھینا جھپٹی سے اللہ تعالیٰ اسے محفوظ رکھے گا۔ نماز کے وقت **مسواک** کرنے والے کو آخری وقت میں کلمہ نصیب ہوگا۔ منہ سے نور نکلے گا' اللہ تعالیٰ زبان اور منہ کی آفتوں سے بچائیں گے۔ بند آنکھوں کے اوپر **مسواک** پھیرنے سے آنکھوں کا نور سدا رہے گا۔ آنکھوں کے گناہوں سے نجات ملے گی۔

**عینک اتر گئی:** میری بیٹی کو بچپن میں ہی عینک لگ گئی تھی' میں نے **تسبیح خانہ میں مسواک کے فوائد** سنے' میں نے اپنی مسواک اپنی بیٹی کو دی اور کہا کہ ہر نماز سے پہلے **مسواک** لازمی کیا کرو اور روزانہ ہر گھنٹے دو گھنٹے کے بعد **مسواک** کے پیچھے حصہ کو اپنی آنکھوں کے اوپر پھیر لیا کرو' یہ عمل کرنے سے میری بیٹی نے بتایا کہ اس کی نظر دن بدن بہتر ہو رہی ہے' اب اس نے نئی عینک بنوائی ہے جو کہ 2 نمبر کی ہے۔ اس سے پہلے پانچ نمبر کی عینک لگی ہوئی تھی' **مسواک** کرنے سے اس کا دل نماز' ذکر اور اعمال میں لگ گیا ہے' ٹی وی سے نفرت ہوگئی ہے۔ اب میں نے اسے کبھی ٹی وی کے آگے بیٹھے نہیں دیکھا۔ یہ واقعی کمال کا عمل ہے۔ (عمر بٹ' گوجرانوالہ)

# سورۃ قریش پڑھیں اور کمال پائیں

سواری نہ ملتی ہو' سفر کی مشکلات ہوں' گاڑی خراب ہوگئی ہو' موبائل' موٹر' فریج یا کوئی مشین خراب ہو یا دشواری ہوتو سورۃ قریش 41 یا 11 مرتبہ بمعہ تسمیہ اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنے سے مشکلات حل ہوجاتی ہیں۔ حاملہ اگر صبح و شام ایک تسبیح حمل کے شروع سے آخر تک پڑھے تو ڈلیوری آسان ہوگی' گھر کے راشن پر 101 مرتبہ پڑھنے سے برکت ہوگی' کبھی کمی نہ ہوگی' ہمیشہ کیلئے گھر سے بیماریاں مشکلات ختم ہوجائیں گی' زندگی میں سکون' چین' برکت اور عافیت ہوگی۔ ہمیشہ صبح و شام کی تسبیح کا ورد بنانے سے کامیابی مقدر بن جائیگی' جو شخص کھانے کے بعد ایک دفعہ پڑھے گا کھانا بیماری نہیں بنے گا بلکہ اس کھانے سے بیماریاں دور ہوجائیں گی۔ دو بار پڑھنے سے دستر خوان ہمیشہ اچھا ملتا رہے گا جو تین بار پڑھے گا اس کی نسلوں میں کبھی رزق ختم نہیں ہوگا۔

**میری مشکلات ختم:** میں نے تین مرتبہ خودکشی کی کوشش کی مگر نجانے کیوں ہر بار بچ جاتا تھا' گھر میں فاقے' بیماری' تنگدستی نے جینا دوبھر کردیا تھا' ایک ساتھی نے پریشانی دیکھتے ہوئے سورۃ قریش کا عمل بتایا' ابھی پڑھتے ہوئے بیس دن بھی نہ ہوئے تھے کہ ایک جگہ سے نوکری کی آفر ہوئی اور انہوں نے تنخواہ میری تمنا سے بھی زیادہ لگائی' بچے ہر وقت بیمار رہتے تھے' ہم نے کھانے پر سورۃ قریش پڑھ کر دم کرنا شروع کردیا' گھر سے بیماری ختم ہوئی' راشن میں برکت ہوئی' گھر میں سکون آیا لڑائی جھگڑے' گھریلو ناچاقی کا خاتمہ ہوا۔ (ثاقب برہان' چکوال)

# تین نام پڑھیں اور چونک جائیں

جو شخص اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ ان تینوں کا ورد چلتے پھرتے' وضو بے وضو پڑھے گا زیر ناف مردانہ و زنانہ تمام پوشیدہ تکلیفوں سے امن پائے گا۔ نیکی اور پاکیزگی ملے گی' برائی بدکاری خود اس سے بچے گی اور ذہنی ٹینشن' ڈیپریشن کا تو آخری علاج ہے۔ خارش' چھوتی بیماریاں اور وسوسوں کا خاتمہ ان لفظوں کے سامنے فتنوں کے دور میں ادنیٰ چیز ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بھی پڑھ سکتے ہیں۔

**مجھے ان اسماء الحسنیٰ نے نئی زندگی بخشی:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پوشیدہ امراض کی بہت عرصہ سے مریضہ تھی' سوکھ کر کانٹا بن چکی تھی' مجھے میری سہیلی نے تسبیح خانہ درس سے سن کر تین اسماء الحسنیٰ بتائے کہ اپنے امراض کا تصور کرکے دن رات' اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے یہی پڑھو۔ آج میری تمام ادویات چھوٹ چکی ہیں' صرف آٹھ ہفتوں میں ہی میں بالکل تندرست ہوگئی۔ میری تمام پوشیدہ بیماریاں اب ختم ہیں' میری صحت دن بدن بہتر ہوتی جارہی ہے' چہرے پر رونق لوٹ آئی ہے۔ اس کے علاوہ نماز میں دھیان مل گیا ہے' ذکر اذکار اور تسبیح کرنے کو خود بخود دل چاہتا ہے' شوہر بھی اب مجھ سے خوش ہیں۔ ایک اور اہم بات: میں نے یہ ذکر اپنے شوہر کو بھی بتایا' جب سے بھی یہ پڑھ رہے ہیں ان کی زندگی میں نیکی اور پاکی آگئی ہے' اس سے پہلے وہ اپنی بدنظری کی عادت سے پریشان رہتے' مگر اب نظروں کی حفاظت مل گئی ہے اور زندگی میں چین آگیا۔ (اہلیہ چوہدری نذیر' پتوکی)

# برکت والی تھیلی سے مالدار بنئے

گزشتہ دور کے صحابہ و اہل بیعت رضوان اللہ علیہم اجمعین، اولیائے کرام رحمہم اللہ کی زندگی میں برکت تھی جہاں اعمال صالح تھے وہاں برکت والی تھیلی بھی ان کی ساتھی تھی۔ اسم اعظم کی دم شدہ تھیلی غریب و نادار افراد کیلئے قیمتی تحفہ ہے۔ آپ تمام رقم تھوڑی ہو یا زیادہ اسی میں رکھیں اور نکالتے اور ڈالتے وقت تسمیہ کیساتھ ایک بار سورۂ کوثر پڑھ لیں کبھی برکت اور رقم ختم نہیں ہوگی۔ مرد اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں، عورتیں اپنے پرس میں رکھ سکتی ہیں، گھر میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ روزانہ 129 دفعہ صبح و شام سورۂ کوثر مع تسمیہ اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسی تھیلی پر دم کر دیں۔

**برکت والی تھیلی کا کمال:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک وہ وقت تھا جب ہم کسمپرسی کی حالت میں تھے مہینوں ہمارے گھر گوشت نہیں پکتا تھا، غیر متوازن غذا کھا کر بچے سوکھ گئے تھے، عزیز و اقرباء نے ہمارے گھر آنا چھوڑ دیا تھا۔ عبقری میں یہ عمل شائع ہوا، میں نے کرنا شروع کر دیا اس عمل کی برکت سے اللہ رب العزت نے برکتوں، شفقتوں اور عنایتوں کے دروازے کھول دیئے عمل کی برکت سے رزق میں کثرت اور برکت ہے۔ اس وقت ہمارے گھر میں اے سی، کمپیوٹر، موبائلز، انٹرنیٹ، یو پی ایس، موٹر سائیکل، سونے کے لئے شاندار ڈبل بیڈ اور الیکٹرونکس کی بے شمار چیزیں جن سے پہلے ہم محروم اور احساس کمتری کا شکار تھے موجود ہیں۔ بچے اچھے سکولوں میں پڑھ رہے ہیں تمام قرض اتر چکا ہے۔ (عبداللہ، راولپنڈی)

# بغیر کیش کے زندگی کا عیش

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ○ (سورۃ المائدہ آیت 114) اس قرآنی دعا کے پڑھنے والے کو اللہ پاک غیبی رزق عطا فرماتے ہیں، خیر و برکت عطا فرماتے ہیں جہاں کہیں سے رزق کا کوئی وسیلہ نظر نہ آرہا ہو مایوسی اور ناامیدی کی اتھاہ گہرائی میں گھرے شخص پر سے پریشانی دور ہو جاتی ہے رمضان شریف میں افطاری کے وقت پڑھنا رزق کے دروازے کھلوا دیتا ہے۔ **طریقہ عمل:** اول و آخر طاق عدد درود شریف تین، پانچ یا سات مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ قرآنی دعا پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں اور اللہ پاک سے دل ہی دل میں دعا مانگ لیں۔ زندگی بھر اس عمل کا معمول رکھیں دن میں کئی بار بھی کر سکتے ہیں، رمضان المبارک میں افطاری سے پہلے کریں۔

**جو چاہو پالو:** قارئین! ہمارے گھر میں فریج نہیں تھی، گرمی بہت زیادہ ہوتی اور پریشان بھی اتنے زیادہ ہوتے۔ عبقری رسالہ میں ایک مرتبہ سورۂ مائدہ کا عمل پڑھا اللہ پاک نے ہم پر کرم کیا کہ ہمارے گھر بڑا فریزر آگیا اور ساتھ میں جنریٹر کے لیے بھی دعا کی اور تھوڑے ہی دنوں بعد بڑا جنریٹر بھی مل گیا۔ ہمیں تو اُمید ہی نہیں تھی یہ صرف اور صرف سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کی بدولت ہوا۔ ہمارا کاروبار ٹھپ تھا صرف اسی آیت کی بدولت ہمارا کاروبار چمک اٹھا، میرے بچے تعلیمی میدان میں آگے بڑھے، جب یہ وظیفہ ملا زندگی میں آسانی آگئی ہے۔ (ف، سکھر)

# ہر مشکل کی تباہی روحانی ایٹم بم سے

آج کے سائنسی دور میں ہر انسان مشکلات کا شکار ہے۔ کچھ واقعات غیرارادی طور پر ہوتے ہیں اور کچھ ارادتاً کیے جاتے ہیں ان غیر معمولی واقعات کے ذریعے انسان رکاوٹوں اور گردشوں کے چکر میں پھنس جاتا ہے۔ وہ اپنا تمام اثاثہ (صحت‘ روپیہ‘ تعلقات‘ محبت اور ذات) داؤ پر لگا دیتا ہے۔ اسے اپنی قسمت پر شک ہونے لگتا ہے۔ (شادی‘ کاروبار‘ رشتہ نہ آنا‘ رشتہ داروں کی مخالفت‘ روک ٹوک‘ شیطانی اثرات) کیا کسی نے کچھ کرا تو نہیں دیا‘ یا میرے ہی ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ ایسے تمام لوگوں کیلئے دو قرآنی الفاظ پر مشتمل اسم اعظم حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پیش ہے۔

**حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کے کرشمات:** ابھی کل ہی کی بات ہے کہ ایک صاحب سے بات ہوئی جو عرصہ دراز سے سخت ترین ناکامیوں اور جنات کی دشمنیوں کا شکار تھے اور مایوسی یہاں تک بڑھ چکی تھی کہ مجھے کہنے لگے: اب میں نے مختلف عاملوں سے مشورہ کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ تم پر مسلط ہونے والے شیاطین اور جنات سخت ترین کالے جادو کے زور پر مسلط کیے گئے ہیں اور ان سے بچاؤ کیلئے تمہیں کالے جادو ہی کا سہارا لینا پڑیگا۔ میں نے اسے حوصلہ دیا اور شیخ الوظائف کا بتایا حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا وظیفہ ہر وقت ہر لمحہ پڑھنے کیلئے دیا۔ صرف دو ماہ کے بعد ملے تو انتہائی خوش تھے‘ سارا سفلی‘ کالا جادو ختم‘ ناکامیاں کامیابیوں میں بدل گئیں‘ کالے جنات اور شیطان بھاگ گئے۔ آپ حیران ہونگے کہ یہ کیا الفاظ ہیں بلکہ سچ پوچھئے تو اسم اعظم ہیں۔ جن کا پڑھنے والا کبھی ناکام و نامراد نہیں ہوتا، ایسے شخص سے دشمنی کرنے والا کبھی غالب نہیں آتا، سخت ترین جادو جنات کیلئے یہ الفاظ ننگی تلوار ہیں جنہیں یقین کی نیام میں محفوظ رکھیں۔ ہمیشہ شادمانی اور کامرانی آپ کا مقدر رہے گی۔ (مولانا زوہیب‘ کراچی)

# درود پاک کے ورد سے زندگی آسان!

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ

یہ درود پاک پڑھنے والے کی انشاء اللہ زندگی آسان ہوجائے گی۔ بیماری' پریشانی' گھریلو الجھن' اولاد کی نافرمانی' شادی کی بندش' جادو جنات' بے روزگاری' تنگدستی' بچوں کا تعلیمی میدان میں پیچھے رہ جانا' نوکری کی بحالی اور اس جیسے دیگر تمام مسائل کے درج بالا درود انتہائی پرتاثیر ہے۔

**درود شریف سے زندگی آسان:** محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے ایک تحفہ حاضر خدمت ہے، یہ میرا نہایت آزمودہ عمل ہے، اسے ہر وقت وِردِ زبان رکھیں خواہ کیسی ہی مشکل ہو آسان ہوجائے گی۔ مجھے زندگی میں جو بھی مسئلہ یا پریشانی آتی ہے۔ میں کثرت کے ساتھ یہی درود پاک پڑھتی ہوں' میرا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ میرے گھریلو حالات گزشتہ کچھ عرصہ سے بہت زیادہ خراب تھے' میرے شوہر نے مجھے مار کر گھر سے نکال دیا تھا' میں نے اپنے والدین کے گھر میں سارا دن اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے صرف یہی درود پاک پڑھا اور اللہ تعالیٰ سے رو رو کر فریاد کی۔ صرف چند دنوں کے بعد ہی میرے شوہر مجھے میرے والدین سے معافی مانگ کر واپس میرے گھر لے گئے۔ آج میں اپنے گھر میں خوش ہوں' میری دیورانی کے رشتہ کا مسئلہ تھا' میں نے اسے بھی یہی درود شریف پڑھنے کیلئے بتایا۔ اس نے کچھ عرصہ پڑھا وہ جہاں چاہتی تھی اس کا اسی جگہ رشتہ ہوگیا۔ آج وہ بھی اپنے گھر میں خوش ہے۔ (ج، ساہیوال)

# گیارہ مرتبہ پڑھیں اور گیارہ مشکلات سے نجات پائیں

روزانہ عصر کی نماز کے بعد **یَارَحْمٰنُ** صرف گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اپنی گیارہ مشکلات سے یقینی چھٹکارا پائیں۔ مشکل جادو کی ہے' بیروزگاری کی ہے' کاروبار کی بندش کی ہے' جنات نے جینا دوبھر کردیا ہو' رشتے تو آتے ہوں مگر کہیں بات نہ بنتی ہوں' بچے تعلیمی میدان میں دن بدن پیچھے جارہے ہوں' اولاد نافرمان ہوگئی ہو' گھر میں ہروقت جھگڑے کا ماحول ہو' بے اولادی نے پریشان کردیا ہو یا بیٹے کی تمنا ہو یا اپنا گھر چاہیے تو درج بالا عمل اپنی مشکل کا تصور کرتے ہوئے کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہ ہو اس عمل کو جاری رکھیں۔

**اللہ تعالیٰ نے اولاد نرینہ سے نواز دیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی 2012ء میں اپنی پھوپھی زاد سے ہوئی' اللہ نے شادی کے پہلے سال ہی مجھے بیٹی سے نوازا' اس کے بعد یکے بعد دیگرے دو بیٹیاں اللہ تعالیٰ نے مزید عطا فرمائیں۔ اللہ کا شکر ہے بیٹی کی پیدائش پر کبھی بھی میرے یا میری اہلیہ کے دل میں ایک مرتبہ رنج نہیں ہوا بلکہ ہر مرتبہ ہم نے پہلے سے زیادہ خوشی منائی مگر فطری طور پر مجھے بھی بیٹے کی کمی محسوس ہوئی تو میں نے اپنے ایک دوست سے کوئی وظیفہ یا نسخہ طلب کیا تو اس نے مجھے تسبیح خانہ اور آپ کا بتایا' ساتھ **یَارَحْمٰنُ** کا وظیفہ بھی بتادیا۔ میں نے اور میری اہلیہ نے بیٹے کا تصور کرکے روزانہ نماز عصر کے بعد صرف گیارہ مرتبہ یارحمن پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے ہماری سن لی اور آج میں تین بیٹیوں اور ایک بیٹے کا باپ ہوں۔ (علی رضا' لاہور)

# احدر سصطع کلموہ (یہ قرآنی الفاظ ہیں)

## صبح وشام 313 مرتبہ اول وآخر درود شریف 7 مرتبہ

وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اگر مسئلہ بہت مشکل ہو تو ہزاروں' لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ باقی وظائف اگر آپ پڑھ رہے ہیں تو پڑھیں لیکن اس پر بہت زیادہ توجہ دھیان دیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں۔ جتنی توجہ' دھیان ہوگا' اتنا نفع زیادہ ہوگا۔

**جادو ٹونا' رزق میں برکت اور شوہر کی بے راہ روی ختم:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے شادی ہوئی مختلف مسائل کا شکار رہی' ہم پر کسی اپنے حاسد نے ہی سخت جادو کروایا' ہمارے کاروباری حالات دن بدن خراب اور اس کے بعد سب سے بڑی پریشانی یہ ہوئی کہ میرے شوہر نے گھر پر توجہ دینا بالکل ہی ختم کردی' پتہ کرنے پر معلوم ہوا کہ شوہر کسی اور کی زلفوں کی اسیر ہیں اور اپنا زیادہ وقت وہاں ہی گزارتے ہیں' آپ کو خط جوابی لفافہ کے ساتھ لکھا' آپ نے مجھے یہ وظیفہ (درج بالا) دیا' میں نے بتائی گئی ترکیب کے علاوہ بھی کھلا لاکھوں کی تعداد میں پڑھا' الحمدللہ! ہمارا جادو ختم' کاروبار پھر سے چل پڑا اور سب سے بڑھ کر شوہر نیک راہوں پر لوٹ آئے ہیں۔ (صغریٰ شفیق' ملتان)

## ہر جگہ کام آنے والے دو الفاظ یا قادر یا نافع

آپ کو کوئی مشکل آئی ہے آپ چالیس مرتبہ پڑھ لو **یَاقَادِرُ یَانَافِعُ** آپ کو اللہ جل شانہ برکتوں کے خزانے کھول دیں گے‘ وسعتوں کے دروازے کھول دیں گے‘ آپ کہیں کھانا کھا رہے ہوں **یَاقَادِرُ یَانَافِعُ** چند بار پڑھ لو کھانا آپ کیلئے برکت اور فیض کا ذریعہ بن جائے گا۔ نماز میں خشوع نصیب ہوگا‘ اللہ کی محبت نصیب ہوگی۔ آپ کو کسی دشمن کا‘ کسی حاسد کا خوف ہے وہ دشمن آپ سے دور ہوجائے گا۔ میاں بیوی ایک دوسرے کیلئے پڑھیں محبت شدید ہوگی۔ ہروقت طبیعت کے اندر راحت نصیب ہوگی۔ بے اولادی ختم ہوگی‘ اولاد صحت مند اور خوبصورت پیدا ہوگی۔ ڈیلیوری ہمیشہ نارمل ہوگی۔

**یاقادر یانافع سے مسئلہ حل:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں کہ ہم سب اکٹھے ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ میری سب سے چھوٹی دیورانی ہیں جب ان کے ہاں پہلی بیٹی پیدا ہوئی تو وہ ابنارمل تھی‘ چند دنوں بعد فوت ہوگئی‘ اس کے بعد پھر ایک بیٹی پیدا ہوئی وہ بھی ابنارمل ہوئی اور تین ماہ بعد وفات پاگئی۔ ہم نے ماہنامہ عبقری میں یا قادر یا نافع کا وظیفہ پڑھا‘ ایک تو میری دیورانی کی ڈیلیوری نارمل ہوئی دوسرا جب بیٹی پیدا ہوئی تو بالکل نارمل تھی‘ اس کے بعد ایک بیٹا ہوا وہ بھی الحمدللہ نارمل ہے اور اس بار بھی ڈیلیوری نارمل ہوئی۔ ہمارے خاندان میں کسی کو کوئی بھی مسئلہ ہو ہم صرف چالیس مرتبہ **یاقادر یانافع** ہی پڑھتے ہیں ہمارا وہ مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ (شمائلہ قاسم‘ ننکانہ صاحب)

# رزق کی فراوانی اور اولاد کی تابعداری گارنٹی کیساتھ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ ساری زندگی کسی کے محتاج نہ ہوں' رزق کی فراوانی ایسے ہی رہے' آپ کی اولاد آپ کی ہمیشہ فرمانبردار رہے اور زندگی کے ہر شعبہ میں خوب ترقی کرے تو **روزانہ تین بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو صبح' دوپہر اور شام کے وقت پلائیں۔** اور اس عمل کو زندگی بھر کا معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ آپ کے رزق میں برکت' اولاد فرمانبردار اور خوب ترقی کرے گی۔

**مجھے تین فوائد ملے:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ عمل میں نے آپ کے درس میں سنا تھا' میں نے اسی دن سے کرنا شروع کر دیا' میرے بچے انتہائی بدتمیز تھے' ہر وقت گھر میں اودھم خاص طور پر جب کوئی مہمان آتا تو ان کی حرکتوں سے انتہائی شرمندگی کا سامنا اٹھانا پڑتا' پڑھائی سے جان چھڑوانے والے' مگر اس عمل کی برکت سے میرے بچوں کا رویہ اتنا تبدیل ہوا ہے کہ میں خود بھی حیران ہوں' دوسرا گھر کے راشن میں حیرت انگیز برکت ہوئی ہے' پہلے جو راشن مہینے کی بیس یا بائیس تاریخ تک چلتا تھا مگر اب پورا مہینہ ختم بھی ہو جاتا ہے مگر راشن ابھی بھی کچھ باقی ہوتا ہے۔ میرے شوہر جہاں ملازمت کرتے ہیں انہوں نے گزشتہ ماہ ان کی تنخواہ میں 5 ہزار روپے اضافہ کر دیا ہے۔ (ج۔ش' لاہور)

# ایک آیت سے بے شمار فوائد پائیے

سورۂ والضحیٰ کی آیت ﴿وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيكَ رَبُّكَ فَتَرۡضَىٰ ﴾﴿والضحیٰ ۵﴾ ہروقت باوضو کھلا پڑھیں' ایک، دو یا پانچ سوا لاکھ مکمل کریں۔ اس وظیفے کو پڑھنے سے ان شاء اللہ رزق دروازے توڑ کر گھر میں داخل ہوگا' گھر سے بے برکتی' تنگدستی' بے روزگاری ہمیشہ کیلئے رخصت ہوگی۔ کاروبار میں ترقی کیلئے ہروقت پڑھیں۔ رزق کی بندش کیلئے بے شمار کا آزمودہ علاج ہے۔

**میرے گھریلو حالات ایسے درست ہوئے:** میرے شوہر نے شیخ الوظائف کو تفصیلی خط لکھا کہ ہمارے گھریلو حالات درست نہیں' ہم کوئی کاروبار کرنا چاہتے ہیں مگر ہو نہیں پاتا۔ خط کے جواب میں ہمیں وظیفہ (درج بالا) ملا۔ ہم دونوں نے دن رات ایک کر کے **پاک باوضو حالت میں یہ وظیفہ لاکھوں کی تعداد میں پڑھا۔** دن بدن ہمارے تمام معاملات ٹھیک ہونا شروع ہوگئے' ہم نے ایک جگہ سے مکان شفٹ کیا' اور وہاں ایک اکیڈمی شروع کی' الحمدللہ! تسبیح خانہ کی برکات' شیخ الوظائف کی دعاؤں اور اس وظیفے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا لاکھ احسان ہے کہ ہماری اکیڈمی چل پڑی۔ ہر ماہ معقول آمدن ہو جاتی ہے اور ہمارے گھریلو حالات دن بدن بہتر سے بہتر ہو رہے ہیں۔ (ہادیہ سلمان' راولپنڈی)

# گھریلو جھگڑوں سے نجات اور مثالی محبت کیلئے

**میاں بیوی میں قابل رشک محبت کیلئے عمل:** روزانہ بعد نماز عشاء میاں‘ بیوی کیلئے اور بیوی‘ میاں کے لئے 41 بار سورۂ کوثر پڑھ کر صدق دل اور کامل یقین سے دعا کرے۔ اللہ کے فضل سے آپس میں قابل رشک محبت پیدا ہوجائے گی۔ اس کے علاوہ ایک اضافی فائدہ اور ہوگا رزق میں حیرت انگیز طور پر برکت اور اضافہ شروع ہوجائے گا۔ (ان شاء اللہ)

**گھریلو جھگڑے ختم‘ مثالی محبت اور رزق میں اضافہ:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھ سے شادی سے پہلے میرے شوہر کی منگنی ان کی خالہ زاد سے ہوئی‘ کسی وجہ سے وہ رشتہ ٹوٹ گیا‘ مگر میرے شوہر کی خالہ نے کہا کہ میں اس کی (میرے شوہر) شادی ہرگز نہ ہونے دوں گی اگر تم نے شادی کروا بھی لی تو کبھی سکون سے نہ رہنے دوں گی۔ واقعی اس طرح ہوا میری شادی تو کسی طرح میرے شوہر سے ہوگئی مگر ہمارے درمیان محبت پیدا نہ ہوسکی‘ ہر وقت لڑائی جھگڑا‘ ذہنی ٹینشن‘ پانچ ماہ ایسے ہی ہوا‘ پھر میری ساس کو ہماری ہمسائی نے یہ وظیفہ (درج بالا) بتایا۔ میں اور میری ساس صاحبہ نے یہ عمل شروع کیا‘ چند دنوں بعد حیرت انگیز تبدیلی ہوئی‘ ہمارے جھگڑے کم ہونا شروع ہوگئے‘ پھر شوہر نے بھی پڑھنا شروع کردیا‘ گھر میں سکون آیا‘ مثالی محبت پیدا ہوئی اور میرے شوہر کی دکان پر سیل بڑھنا شروع ہوگئی۔ (اہلیہ فرقان مجید‘ جہلم)

# کرایہ دار ضرور پڑھیں! ذاتی مکان کے حصول کیلئے

اپنے مکان حاصل کرنے کے لیے یہ عمل بہت ہی کارآمد ہے۔ بے شمار کرایہ دار اس عمل کی بدولت اپنا گھر حاصل کر چکے ہیں۔ فجر کی نماز کے بعد 3 بار اول و آخر درود اور 313 مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں، 40 دن تک بلاناغہ اس عمل کو کریں۔ مقصد کے حصول تک عمل جاری رکھیں۔

**آج میرا اپنا گھر ہے!** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم گزشتہ 25 سال سے کرائے کے گھر میں رہ رہے تھے' میری پیدائش بھی کرائے کے گھر میں ہوئی اور شادی بھی۔ میرے والد نے بے شمار کمیٹیاں ڈالیں کہ کسی طرح چھوٹا سا کوئی پلاٹ لے کر اس پر گھر بنالیں مگر لاکھ کوشش کے باوجود بھی اپنے گھر کا خواب پورا نہ ہوسکا۔ آج سے تین سال پہلے میرے ایک دوست نے مجھے ماہنامہ عبقری کے متعلق بتایا کہ اس میں بہت کامیاب اور طاقتور وظائف اور نسخہ جات آتے ہیں تم پڑھا کرو۔ میں نے عبقری پڑھنا شروع کیا' تو اس میں یہ وظیفہ پڑھا (درج بالا) میں' میری اہلیہ' میرے والد اور والدہ نے پڑھنا شروع کردیا۔ اللہ نے غیب سے سبب بنایا' میں جہاں نوکری کرتا ہوں' انہوں نے ایک سکیم کے تحت ہمیں ایک پلاٹ دیا' کچھ کمیٹیاں اور زیور وغیرہ بیچ کر ہم نے ایک تین مرلے کا مکان تیار کرلیا۔ آج اس وظیفے کی بدولت میں اپنے گھر میں بیٹھا خط لکھ رہا ہوں۔ (جنید' خانیوال)

# خطرناک دفن شدہ جادو! جہاں دفن وہیں ختم

جادو جنات، نظر بد، جادو کی وجہ سے لاعلاج بیماریاں، گھریلو جسمانی روحانی پریشانیوں میں مبتلا ہیں، ہر عامل آپ پر جادو کی تشخیص کررہا ہے تو یہ عمل یقین توجہ اور دھیان سے کیجئے ان شاء اللہ جادو جہاں ہوگا وہیں ختم ہوجائے گا۔

**سورۃ التکویر (پارہ 30) صبح و شام 3،3 مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کرکے پئیں** مدفون جادو جہاں بھی ہوگا ختم ہوجائے گا۔

**گھر پر جادو تھا ختم ہوگیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ابھی مکینکل انجینئرنگ سے فارغ ہوا ہوں، میں نے پانچ ماہ پہلے اپنے اور اپنے گھر کے تمام حالات بذریعہ خط آپ کے سامنے پیش کیے تھے، تو آپ کی طرف سے مجھے اور میرے گھر والوں کو اس وظیفہ کو پڑھنے کیلئے کہا گیا۔ الحمدللہ! اللہ عزوجل کے فضل و کرم اور اس وظیفہ کی برکت سے میں نے وہ کمالات دیکھے ہیں جو کہ پڑھنے سے نہیں بلکہ دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ میری وہ تمام تکالیف جس کی وجہ سے میں پریشان تھا اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ سب کی سب ختم ہوگئی ہیں۔ مجھے ہر جگہ رکاوٹیں اور ہر میدان میں ناکامی اور پریشانی، نظر بد، میرے دماغ پر بوجھ، شیاطین اور جنات کے اثرات اور تکالیف، دل پر بوجھ، معدہ کا خراب ہونا، رزق کی بے برکتی، تعلقات کا خراب ہونا اور جھگڑے وغیرہ الحمدللہ سب ختم ہوگئے۔ **(قاسم شیراز، ملتان)**

# کاروباری حضرات کیلئے آسان مگر طاقتور ترین وظیفہ

معاشی حالات کی بہتری کیلئے نماز فجر کے بعد آیۃ الکرسی 11 بار اور نماز عشاء کے بعد اول و آخر 3 بار درود شریف اور یَاوَھَّابُ 300 سو بار پڑھ کر گڑ گڑا کر دعا مانگیں۔

**عمل کیا پریشانیاں ختم، قرضے اُتر گئے اور کاروبار چل پڑا!:** محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آپ کے درس سے میں نے یہ وظیفہ (درج بالا) سنا تھا۔ میں ان دنوں بہت پریشان تھا' میرا کاروبار چلتا چلتا رک گیا تھا' ہر وقت مایوسی اور پریشانی کے عالم میں بیٹھا سوچتا رہتا کہ آگے کیا ہوگا؟ میں نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا اس عمل کی برکت سے مجھ پر لوگوں کا قرض تھا وہ ختم ہوگیا' میری باقی تمام پریشانیاں آہستہ آہستہ ختم ہوگئیں' میرے بچے بیمار رہتے تھے اب وہ بھی ٹھیک ہوگئے ہیں' میرا کاروبار بالکل نہیں چل رہا تھا اب اللہ کا شکر ہے کہ میرا کاروبار پہلے سے کافی ٹھیک ہوگیا ہے۔ عبقری رسالہ ہر ماہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور مخلوق خدا تک وظائف اور قیمتی نسخہ جات پہنچانے کے لیے حسب توفیق اب تقسیم بھی کرتا ہوں جس کی وجہ سے مجھے بہت دلی سکون ملتا ہے۔ یہ عمل واقعی بہت ہی کمال کا ہے۔ ہر قسم کی کاروباری بندش کا لاجواب توڑ ہے۔ (عمر محبوب' لاہور)

# شوگر کے مریضوں کے لیے انوکھا روحانی ٹوٹکہ

یہ عمل شوگر کے مریضوں کے انتہائی کارآمد ہے۔ شوگر کتنی بھی بڑھ رہی ہو یہ عمل دن میں تین سے پانچ مرتبہ کریں۔ ان شاء اللہ شوگر دن بدن کم ہونا شروع ہوجائے گی۔ اگر ساتھ کوئی دوائی یا گولی کھا رہے ہیں تو پرہیز کے ساتھ وہ بھی جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی آپ کی تمام ادویات چھوٹ جائیں گے۔ **عمل یہ ہے:۔ 3 بار سورۂ قدر اور 3 بار سورۂ کوثر اول و آخر ایک یا تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں** شوگر کم ہوجائے گی۔

**میری نانی اماں کی شوگر اور وظیفہ:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک بار عبقری میں مضمون حال دل میں پڑھا تھا کہ شوگر جتنی بھی زیادہ ہو اسے کم کرنے کیلئے یہ وظیفہ (درج بالا) پڑھیں۔

میری نانی اماں ہسپتال میں تھیں ان کی شوگر بہت زیادہ تھی ان کے خون میں ''کی ٹائن'' جراثیم بہت زیادہ تھے' میں نے ان کو پانی پر درج بالا عمل دم کر کے دیتی رہی' بعد میں ڈاکٹر خود حیران کے پہلے اتنی زیادہ شوگر اب ٹیسٹ کروانے پر ان کی شوگر نارمل ہوگی اور ان کے خون میں جراثیم ''کی ٹائن'' کم ہوگئے ہیں۔ **(ت، ا، راولپنڈی)**

# نظر کی کمزوری کا دائمی حل

آپ کی نظر کمزور ہے‘ عینک کا نمبر دن بدن بڑھ رہا ہے‘ ادویات اور ڈراپس ڈالنے سے بھی کچھ فرق نہیں پڑ رہا تو اپنے طبی ٹوٹکوں اور غذاؤں کے ساتھ آج ہی یہ آسان سا وظیفہ پڑھنا شروع کر دیں۔ **نماز فجر اور مغرب کے بعد اول و آخر 11 بار درود ابراہیمی اور 7 بار فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا پڑھیں۔** ان شاء اللہ نظر ٹھیک ہو جائے گی۔ مکمل افاقے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔

**میری بچی کی عینک اتر گئی!:** میری بچی جب پانچ سال کی ہوئی تو اس نے سر درد کی شکایت کی‘ پہلے تو ایک دو ڈاکٹرز سے ادویات لیں مگر وقتی فائدہ ہوتا‘ جب سکول جانا شروع ہوئی تو تکلیف مزید بڑھ گئی‘ ٹیچرز کے کہنے پر اس کو آئی اسپیشلسٹ کو دکھایا تو انہوں نے بتایا کہ آپ کی بچی کی نظر بہت کمزور ہے اس کو چشمہ لگے گا‘ میں بہت زیادہ گھبرا گئی‘ بچی کو چشمہ لگوایا‘ جس کی وجہ سے میری بیٹی بہت زیادہ احساس کمتری کی شکار ہوگئی‘ جب میری بیٹی دس سال کی ہوئی تو اس کی عینک کا نمبر مزید بڑھ گیا‘ جو میرے لیے بہت زیادہ تشویش کی بات تھی‘ ہم عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں‘ عبقری میں ایک مرتبہ ایک قاری نے یہ وظیفہ دیا‘ ہمیں یہ وظیفہ کرتے ہوئے آج ایک سال سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا ہے۔ الحمدللہ! پہلے میری بچی کی عینک کا نمبر کم ہوا‘ آج دوسرا ہفتہ ہے میری بچی بغیر عینک کے سکول جاتی ہے اور بالکل تندرست ہے۔ (شگفتہ مبین‘ اسلام آباد)

## واقعی نسلوں سے غربت اور پریشانی سے چھٹکارا چاہتے ہیں تو

غربت، تنگدستی، بیروزگار، بے برکتی سے پریشان ہیں تو جب بھی گھر میں داخل ہوں تو اونچی آواز کے ساتھ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دائیاں پاؤں گھر میں داخل کریں اور پھر السلام علیکم ورحمۃ اللہ علیہ وبرکاتہٗ کے بعد درود شریف پڑھیں، اس کے بعد سورۂ اخلاص پڑھیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ عمل کریں اور اپنے بدلتے حالات خود دیکھیں۔

**میرے گھر کی تو کایا ہی پلٹ گئی:** محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میرا ایک جاننے والا جو آپ کا ہر درس تسبیح خانہ لاہور میں آ کر سنتا ہے۔ ایک مرتبہ مجھے شدید پریشان دیکھ کر اس نے مجھے یہ وظیفہ (درج بالا) بتایا۔ کچھ عرصہ یقین کے ساتھ یہ عمل کرنے کے بعد ملا تو بہت مطمئن اور خوش تھا، کہنے لگا: میرے گھر کے حالات بہت زیادہ خراب تھے، گھر میں بلاوجہ کے جھگڑے، چڑچڑاپن، گھر کا ہر فرد ایک دوسرے کو کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا۔ بات کچھ بھی نہ ہوتی مگر لڑائی ایسے ہوتی کہ پورا محلہ شور سن کر اکٹھا ہو جاتا۔ اس کے ساتھ میرا کاروبار تقریباً ختم ہو چکا تھا۔ باہر اور گھر کی ٹینشن نے مجھے کئی بار خودکشی پر مجبور کیا۔ مگر جب سے تم نے یہ وظیفہ بتایا، اسے کرنے سے مجھے ایک بڑی کمپنی سے کروڑوں کا ٹھیکہ مل گیا ہے، میرا کاروبار چل پڑا اور گھر میں بھی بالکل امن ہو گیا ہے۔ الحمدللہ! (شکیل احمد، شیخوپورہ)

# ناخن کاٹیں، عمل کریں اور مصیبتیں دور

جمعہ کے دن ہاتھ پاؤں کے ناخن کاٹ کر اسے کسی سفید کاغذ یا ٹشو میں رکھیں، ناخن اپنے سامنے رکھ کر ایک تسبیح اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں۔ پڑھتے ہوئے اپنی مصیبتوں، روحانی مسائل، تکلیفوں، عیبوں، تنہائی کے گناہوں اور اپنی دیگر بیماریوں کا تصور کریں کہ جیسے کوئی مر جائے تو اس کیلئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ پڑھتے ہیں اسی طرح یہ عمل کرتے ہوئے تصور کریں کہ یہ بیماری بھی مر گئی یہ تکلیف بھی مر گئی یہ عیب بھی مر گیا۔ پھر یہ کاغذ اُٹھا کر کسی کیاری یا کسی جگہ مٹی میں دفن کر دیں۔ چند بار یہ عمل کرنے سے اللہ وہ بیماری، دکھ، عیب، تکلیف دور کر دیگا۔

**بندش ٹوٹ گئی!:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 26 سال ہو چکی تھی' میرے والدین میری شادی کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھے' ہر دوسرے دن ایک اذیت سے گزرنا پڑتا' کوئی نہ کوئی مجھے دیکھنے آتا' دیکھ کر ماشاء اللہ کہتا' چائے پیتا بسکٹ کھاتا اور چلا جاتا' چند دن بعد پتہ چلتا مجھے ناپسند کر دیا گیا ہے۔ آپ کے درس میں یہ عمل سنا' میں نے سخت تصور کر کے کرنا شروع کر دیا' تین ہفتوں بعد ہی ایک رشتہ آیا' ایک خاتون آئی صرف انہوں نے مجھے دیکھا اور ہاں کر دی' الحمدللہ! بہترین جگہ میرا رشتہ ہوا' چند ماہ بعد ہی شادی ہو گئی اللہ کریم نے مجھے جیسا چاہا ویسا جیون ساتھی عطا فرمایا۔ (پوشیدہ)

# مبارک ہو! جاب کیلئے آپ کی سلیکشن ہوگئی ہے!

آپ کسی جگہ نوکری چاہتے ہیں اور باوجود لاکھ کوشش کے آپ کو وہاں نوکری نہیں مل رہی۔ یا آپ بیروزگار ہیں اور روزگار کی تلاش میں دردر کی ٹھوکریں کھانے کے باوجود کہیں نوکری کا کوئی سبب نہیں بن رہا تو اپنی کوشش جاری رکھتے ہوئے حصول ملازمت کیلئے **بعد نماز فجر وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم 325 مرتبہ اول و آخر 7،7 بار درود شریف** کیساتھ پڑھیں پھر دعا کریں۔ ان شاء اللہ ملازمت مل جائے گی۔

**نوکری بحال:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بہت اچھے ادارے میں ملازمت ملی ہوئی تھی، بہت اچھی گزر بسر ہو رہی تھی کہ اچانک ادارے نے ڈاؤن سائزنگ شروع کی اور تقریباً تین سے چارسو کے قریب ملازمین کو فارغ کر دیا جن میں بندہ ناچیز بھی شامل تھا۔ بڑی بھاگ دوڑ کی مگر کوئی ڈھنگ کی جاب ہی نہ ملتی، ملتی تو اس میں گزر بسر ناممکن اور ٹائمنگ بہت ہی زیادہ۔ ہر طرح کے حیلے، سفارشیں ڈلوائیں مگر نوکری نہ ملی۔ مجھے ایک دوست نے یہ وظیفہ بتایا، میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی پڑھتے ہوئے **صرف 27 دن** ہوئے تھے کہ میرے ہیڈ کوارٹر سے مجھے کال آئی کہ آپ کو بحال کر دیا گیا ہے۔ میں اسی وقت سجدے میں گر گیا، اللہ کریم کا شکر ادا کیا کہ اس کریم نے میری منشاء کے مطابق مجھے واپس **نوکری پر بحال** کروا دیا۔ **(عاشق حسین، ملتان)**

# بیماری ڈاکٹروں کی سمجھ سے باہر

آپ یا آپ کوئی عزیز سالہا سال سے بستر پر مرگ پر ہے' روزانہ نئے ٹیسٹ یا ایک مرض ابھی ختم نہیں ہوا کہ دوسرے کی تکلیف شروع ہو جائے یا ایسی بیماری جو کسی بھی ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو اس سے شفاء کیلئے یہ وظیفہ انتہائی کارآمد ہے۔ سورۃ القمر کی آیت 10 فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ 313 دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یہ عمل 21 روز تک کریں۔

**میری خالہ کو شفاء اس عمل سے ملی:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ تین سال سے ماہنامہ عبقری رسالہ پڑھ اور آپ کے درس انٹرنیٹ کے ذریعے سن رہا ہوں۔ آپ نے ایک مرتبہ تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والے جمعرات کے درس میں یہ وظیفہ بتایا۔ میری خالہ گزشتہ پانچ سال سے میری خالہ جان بیمار تھیں' ہر دو یا تین ماہ بعد ڈاکٹر تبدیل کیا جاتا مگر میری خالہ کی حالت نہ بدلتی تھی۔ بیماری دن بدن بڑھتی چلی جا رہی تھی مگر کسی بھی معالج کی سمجھ میں کچھ نہ آتا' ہر کوئی مہنگے مہنگے ٹیسٹ کرواتا اور پھر کہتا رپورٹ بالکل ٹھیک آئی ہے مگر میری خالہ ٹھیک نہ ہوتیں۔ میں نے اپنی خالہ کے گھر جا کر تمام گھر والوں کو یہ وظیفہ بتایا۔ ہم نے اور ان تمام گھر والوں نے بتائی گئی ترکیب کے مطابق پڑھا' چند ہفتوں کے بعد ہی میری خالہ جان کی صحت دن بدن بہتر ہوتی گئی اور آج میری خالہ بالکل تندرست ہیں۔ (خرم اقبال' کراچی)

# ناممکن کو ممکن بنائیے

بے آسرا، نااُمید پریشان حال مایوس لوگوں کیلئے ایک ایسا عمل جو سو فیصد قبولیتِ دعا کی شرائط پر پورا اترتا ہے اور لاکھوں اولیاء کے مجرب معمولات میں شمار ہوتا ہے۔ آپ بھی اُلٹی تدبیروں، بے کار ہوتی کوششوں اور ناکام ہوتے منصوبوں' پرانے سے پرانے جادو جنات' بندشوں اور سخت ترین بیماریوں میں آزمائیے.....! انشاءاللہ یہ عمل آپ کو ہر عامل سے بے نیاز کرکے ہر مشکل سے نکلنے کا راستہ مہیا کریگا اور ناممکن کو ممکن بنائے گا۔ طریقہ عمل: اول و آخر 3,3 مرتبہ کوئی بھی درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص مع تسمیہ (یہ پورا ایک عمل ہوا) اس طرح روزانہ 41 مرتبہ کریں۔ یہ ایک نصاب شمار ہوگا۔ اس طرح روزانہ کئی نصاب کرسکتے ہیں۔ 41 یا 91 دن بلاناغہ کریں۔ ہر قسم کی بیماری پریشانی اور مشکل میں کرسکتے ہیں۔ نوٹ: خواتین ایام کے دنوں میں نہ کریں بلکہ بعد میں دنوں کی تعداد پوری کریں۔

**جادو بندش ختم:** میں جب سے ہوش سنبھالا گھر میں عجب نحوست ہی دیکھی' نہ رزق' نہ سکون' ہر وقت بے چینی' گھبراہٹ' لڑائی جھگڑے! مگر جب سی میری والدہ اور ہم سب گھر والوں نے یہ عمل شروع کیا ہے' ہمارے گھر میں سکون آ گیا ہے' آج دو ماہ سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے ہمارے گھر میں لڑائی نہیں ہوئی۔ واقعی اس عمل نے ہمیں عاملوں سے بے نیاز کردیا ہے۔ (قیصر امین' گوجرانوالہ)

# آخری 6 سورتوں سے محبت کرنے کا انعام

جو شخص اپنی زندگی میں آخری چھ سورتوں کا بسم اللہ کے ساتھ اہتمام کرتا ہے نماز میں یا نماز کے علاوہ' جادو جنات تو اس سے ایسے دور ہوتے ہیں جیسے پانی سے آگ...... زندگی کی مشکلات ہمیشہ ٹلی رہیں گی۔ نسلیں ہمیشہ آسودہ رہیں گی۔ سفر میں پڑھنے سے رزق میں برکت اور سفر ہمیشہ آسان ہوگا۔ خیر خیریت سے منزل پر آسانی سے پہنچے گا۔ حادثات' مشکلات اور واردات سے محفوظ رہے گا۔ سوار' سواری' اہل وعیال اور گھر کی ہمیشہ حفاظت رہے گی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے زندگی میں ایسی آسانیاں پیدا ہونگی کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔

**پڑھنے سے رشتہ طے پا گیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست کی بہن نے مجھے بتایا کہ وہ رشتے کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھی۔ لہٰذا وہ کافی ماہ سے عبقری رسالہ اپنی ہمسائی خاتون کے توسط سے پڑھ رہی تھی اور عبقری کی خاصی دلدادہ بھی ہے۔ اس نے بات چیت کے دوران مجھے بتایا کہ وہ تقریباً ہر نماز کے بعد قرآن کی آخری چھ سورتیں پڑھتی تھی اور اللہ پاک نے اس کا اچھی اور امیر فیملی میں رشتہ جیسا کہ وہ چاہتی تھی ویسا ہی طے کروا دیا۔ لڑکا بھی اچھا خاصا تعلیم یافتہ اور اچھی جاب پہ تھا یعنی چھ سورتیں نماز کے بعد پڑھنے سے اس کا رشتہ اس کی مرضی کے مطابق ہوگیا۔ یہ عمل اس نے تھوڑا عرصہ ہی پڑھا تھا۔ (فرحت' لاہور)

جب مشکلات اور پریشانیاں آپ کو مایوس کر دیں اس وقت آپ پڑھیں

# ماہنامہ عبقری لاہور

## روشن زندگی اور خاندانی مشکلات کا یقینی حل یہ تمام ماہنامہ عبقری میں پڑھیں

الحمدللہ! سب سے زیادہ شائع اور پسند کیے جانے والا ماہنامہ میگزین ہر گھر

ہر فرد کی ضرورت، پڑھیں اور تقسیم کریں

شیخ الوظائف سے ملاقات کیلئے پہلے دفتر عبقری سے فون پر وقت لیں!

ہر ماہ اس نمبر پر ملاقات کا ٹوکن دیا جاتا ہے **0322-4688313**

## تسبیح خانہ میں ہر جمعرات ہونے والا درس روحانیت و امن

مال سے نہیں اعمال سے زندگی بنتی ہے! اگر آپ بھی اس حقیقت کو پانا چاہتے ہیں تو تسبیح خانہ قادری ہجویری لاہور میں ہر جمعرات کو ہونے والے درس میں شرکت کریں یہ درس انٹرنیٹ پر براہ راست دنیا کے **216** ممالک میں نشر ہوتا ہے۔ درس کے اختتام پر اسم اعظم کے ورد کے بعد آہوں سسکیوں بھری خاص دعا ہوتی ہے۔ جس میں شامل ہو کر بے شمار اپنی پریشانیوں سے چھٹکارا پا چکے ہیں۔ اپنے ہر قسم کے مسائل کے حل کیلئے **41** یا **91** درس لگاتار ضرور سنیں! درس بروز جمعرات مغرب سے عشاء تک ہوتا۔ **www.ubqari.org**

بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچائیے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں، ہسپتالوں، کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں!

## عبقری گروپ آف میڈیا

ماہنامہ عبقری، گھریلو الجھنیں میگزین، روزنامہ اینٹی کرپشن، عبقری ریڈیو ایپ
اخبار عبقری، عبقری ویب چینل، عبقری سوشل میڈیا، عبقری ایپ


## عبقری پبلیکیشنز

662



مرکز روحانیت و امن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

فون: 042-37425801, 0322-4688313

Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org